أدعية جامعة

جامع دعائِي

جامع دعائیں[1]

اول : قرآن کی دعائیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ* وَتُبْ عَلَيْنَآ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ. رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. رَبَّنَا لاَ تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا. رَبَّنَا وَلاَ تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا. رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَا لاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ أَنتَ مَوْلاَنَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ. رَبَّنَا لاَ تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ. رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ. رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنزَلَتْ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ. ربَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ. رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ رَّبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلإِيمَانِ أَنْ آمِنُواْ بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الأبْرَارِ. رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعدتَّنَا عَلَى رُسُلِكَ وَلاَ تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لاَ تُخْلِفُ الْمِيعَادَ. رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن

---

[1] یہ کچھ جامع دعائیں ہیں، جو قرآن کریم میں وارد ہوئی ہیں یا نبی ﷺ سے صحیح ثابت ہیں۔ ہر زمان و مکان میں ان دعاؤں کا پڑھنا مشروع ہے، جیسے کہ طواف و سعی کے دوران اورعرفات و مزدلفہ میں۔ لیکن یہ ان کے لئے خاص نہیں ہیں۔

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ. رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ. حَسْبِيَ اللَّهُ لا إِلَهَ إِلاَّ هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ. رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ. رَبِّ اجْعَلْ هَذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ الأَصْنَامَ. رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلاَةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ. رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ. رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا. رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي، وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي. رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا. لا إِلَهَ إِلا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ. رَبِّ لا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ. رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ. رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ. رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ. رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا. إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا. رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا. رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ. رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي. رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ. عَسَى رَبِّي أَن يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ. رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ. رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ. رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ. رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالإِيمَانِ وَلا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلاً لِّلَّذِينَ

آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوفٌ رَّحِيمٌ. رَبَّنَا لا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.

ہمارے پروردگار! تو ہم سے قبول فرما، تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

اور ہماری توبہ قبول فرما، تو توبہ قبول فرمانے والا اور رحم وکرم کرنے والا ہے۔

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں عذاب جہنم سے بچا۔

اے ہمارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو، تو ہمیں نہ پکڑنا۔

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہمارے اندر طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر! تو ہی ہمارا مالک ہے۔ ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔

اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کردے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما۔ یقیناً تو بڑا ہی نوازنے والا ہے۔

اے ہمارے رب! ہم ایمان لا چکے، اس لئے ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

اے میرے پروردگار! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما۔ بے شک تو دعا سننے والا ہے۔

اے ہمارے پالنے والے معبود! ہم تیری اتاری ہوئی وحی پر ایمان لائے اور ہم نے تیرے رسول کی اتباع کی، پس تو ہمیں گواہوں میں لکھ لے۔

اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو بے جا زیادتی ہوئی ہے اسے بھی معاف فرما اور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔

اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے، پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

اے ہمارے پالنے والے! تو جسے جہنم میں ڈالے یقیناً تو نے اسے رسوا کیا اور ظالموں کا مددگار کوئی نہیں۔

اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا باآواز بلند ایمان کی طرف بلا رہا ہے کہ لوگو! اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ پس ہم ایمان لے آئے۔ یا الٰہی! اب تو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر دے اور ہمیں موت نیک لوگوں کے ساتھ دے۔

اے ہمارے پالنے والے معبود! ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی زبانی کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر، یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے اور اگر تو ہماری مغفرت نہ کرے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو واقعی ہم نقصان پانے والوں میں سے ہوجائیں گے۔

اے ہمارے رب! ہم کو ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کر۔

میرے لیے اللہ کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ان ظالموں کے لئے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہم کو ان کافروں سے نجات دے۔

اے میرے پروردگار! اس شہر کو امن والا بنادے اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچائے رکھ۔

اے میرے پالنے والے! مجھے نماز کا پابند رکھ اور میری اولاد میں بھی اس روش کے لوگ بنا۔ اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔

اے ہمارے پروردگار! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی بخش دے اور دیگر مومنوں کو بھی بخش دے، جس دن حساب ہونے لگے۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کو آسان کردے۔

اے میرے پروردگار! میرا سینہ میرے لئے کھول دے اور میرے کام کو میرے لیے آسان کر دے۔

میرے پروردگار! میرے علم میں افزونی عطا فرما۔

الٰہی! تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو پاک ہے۔ کے شک میں ظالموں میں ہو گیا۔

اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑ۔ تو سب سے بہتر وارث ہے۔

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اے میرے پروردگار! اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لاچکے ہیں، تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔

اے میرے رب! تو بخش دے اور رحم کر اور تو سب مہربانوں سے بہتر مہربانی کرنے والا ہے۔

اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کا عذاب پرے ہی پرے رکھ، کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے۔ بے شک وہ ٹھہرنے اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے۔

اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

اے میرے پروردگار! تو مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر بجا لاؤں، جو تو نے مجھے عطا کی ہیں اور میرے ماں باپ کو عطا کی ہیں اور میں ایسے نیک اعمال کرتا رہوں، جن سے تو خوش رہے۔ مجھے اپنی رحمت سے نیک بندوں میں شامل کر لے۔

اے میرے پروردگار! میں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا ہے، لہذا تو مجھے معاف فرما دے۔

اے میرے پروردگار! مجھے ظالموں کے گروہ سے بچا لے۔

مجھے امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھی راہ لے چلے گا۔

اے میرے پروردگار! تو جو کچھ بھلائی میری طرف اتارے میں اس کا محتاج ہوں۔

اے میرے رب! مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما۔

اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجا لاؤں جو تو نے مجھے اور میرے ماں باپ کو دی ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو خوش ہو جائے اور تو میری اولاد کو بھی صالح بنا، میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

اے ہمارے پروردگار! تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی، جو ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں اور ایمان داروں کے تعلق سے ہمارے دل میں کینہ (اور دشمنی) نہ ڈال۔ اے ہمارے رب! بے شک تو شفقت ومہربانی کرنے والا ہے۔

اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال اور اے ہمارے پالنے والے! ہماری خطاؤں کو بخش دے۔ بے شک تو ہی غالب، حکمت والا ہے۔

اے ہمارے رب! ہمیں کامل نور عطا فرما اور ہمیں بخش دے۔ یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔

دوم : سنت نبوی سے ثابت دعائیں :

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْر، ِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں آگ کے فتنے اور آگ کے عذاب سے، قبر کے فتنے اور قبر کے عذاب سے، تونگری کے فتنے کی برائی اور مفلسی کے فتنے کی برائی سے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے۔

اللَّهمَّ اغْسِلْ قَلْبِي بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ. اے اللہ! میرے دل کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو گناہوں سے اس طرح پاک کر دے، جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل سے پاک کیا ہے، اور میرے اور میرے گناہوں کے درمیان ایسی دوری کر دے، جیسی تو نے مشرق و مغرب کے درمیان رکھی ہے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ. اے اللہ! میں سستی، بڑھاپے، گناہ اور قرض سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذ بِك مِنَ الْعَجْز وَالْكَسَل، وَالْجُبْن وَالْهَرَم وَالْبُخْل، وَأَعُوذ بِك مِنْ عَذَاب الْقَبْر، وَمِنْ شَرّ فِتْنَة الْمَحْيَا وَالْمَمَات. اے اللہ! میں عاجزی، سستی، بزدلی، بڑھاپے اور بخل سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں قبر کے عذاب اور زندگی

اور موت کے شر کی آزمائشوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔
اللَّهم إني أَعوذُ بكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الأَعْدَاءِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں آزمائش کی مشقت، بدبختی میں پڑنے، برے فیصلے اور دشمنوں کو ہنسنے کا موقع ملنے سے۔
اللَّهمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِي اَلَّذِي هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِي، وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ اَلَّتِي فِيهَا مَعَاشِي، وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي اَلَّتِي إِلَيْهَا مَعَادِي، وَاجْعَلِ اَلْحَيَاةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ، وَاجْعَلِ اَلْمَوْتَ رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ. اے اللہ! میرے لیے میرے دین کو درست کردے، جو میرے حالات کے تحفظ کا ضامن ہے اور میری دنیا کو درست کردے، جس میں میری گزر بسر ہے اور میری آخرت کو درست کردے، جہاں لوٹ کر مجھے جانا ہے اور میری زندگی کو ہر خیر میں اضافے کا سبب بنادے اور موت کو میرے لیے ہر شر سے راحت کا ذریعہ بنادے۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدَى، وَالتُّقَى، وَالْعَفَافَ، وَالْغِنَى. اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی اور لوگوں سے بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ. اے اللہ! میں عاجزی، سُستی، بزدلی، بخیلی، بڑھاپے اور عذابِ قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
اللَّهمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا، وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا. اے اللہ! میرے نفس کو اس (کے حق) کا تقوی عطا کر اور اس کا تزکیہ فرما۔ تو ہی اس کا سب سے

بہتر تزکیہ کرنے والا ہے۔ تو ہی اس کا ولی اور مولی ہے۔
اللَّهمَّ إنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے، ایسے دل سے جو خوف نہ کھاتا ہو، ایسے نفس سے جو آسودہ نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔
اللَّهمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي. اے اللہ! مجھے ہدایت دے اور راہ راست پر چلا۔
اللَّهمَّ إنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِك، وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ، وَفَجْأَةِ نِقْمَتِكَ، وَجَمِيعِ سَخَطِكَ. اے اللہ! میں تیری نعمت کے زائل ہونے سے، تیری دی ہوئی عافیت کے پھر جانے سے، تیری ناگہانی گرفت سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
اللَّهمَّ إنِّي أعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ ومنْ شَرِّ مَا لَمْ أعْمَلْ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے جو میں نے کیا ہے اور اس کی برائی سے بھی جو میں نے نہیں کیا ہے۔
لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، رَبُّ السَّمَوَاتِ، وَرَبُّ الأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ. اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، جو عظمت والا اور بُردبار ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، جو

عرشِ عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، جو آسمانوں، زمین اور عرش کریم کا رب ہے۔

اللَّهمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو فَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ. اے اللہ! میں تیری رحمت کی امید رکھتا ہوں۔ سو پلک جھپکنے بھر بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر اور میرے تمام معاملات کو سدھار دے۔ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

اللَّهمَّ إِنِّي عَبْدُكَ، ابْنُ عَبْدِكَ، ابْنُ أَمَتِكَ، نَاصِيَتِى بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، أَوْ أَنْزَلْتَهُ في كِتَابِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِى عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ: أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي، وَنُورَ صَدْرِي، وَجِلَاءَ حُزْنِي، وَذَهَابَ هَمِّي. اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں، تیرے بندے اور تیری بندی کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے۔ مجھ پر تیرا ہی حکم چلتا ہے۔ میرے بارے میں تیرا ہر فیصلہ انصاف پر مبنی ہے۔ میں تجھ سے تیرے ہر اس نام کے واسطے سے مانگتا ہوں، جو تیرا ہے، جس سے تونے خود کو موسوم کیا ہے، اپنی کسی مخلوق کو سکھایا ہے، اپنی کتاب میں اتارا ہے یا اپنے لیے اسے علمِ غیب کے طور پر خاص کر رکھا ہے کہ قرآن کو میرے دل کی بہار، سینے کا نور اور رنج و غم سے چھٹکارے کا ذریعہ بنا دے۔

اللَّهمَّ مُصَرِّف الْقُلُوب صَرِّفْ قُلُوبنَا عَلَى طَاعَتِك. اے دلوں کے پھیرنے والے اللہ! ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی جانب پھیر دے۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ. اے دلوں کو الٹنے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔

اللَّهمَّ إني أسألُكَ العَافِيَةَ في الدنيا والآخِرةِ. اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِى الأُمُورِ كُلِّهَا، وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا، وَعَذَابِ الآخِرَةِ. اے اللہ! ہمارے تمام معاملوں کو حسن انجام عطا فرما اور ہمیں دنیا کی نامرادی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

رَبِّ أَعِنِّي وَلا تُعِنْ عَلَيَّ، وَانْصُرْنِي وَلا تَنْصُرْ عَلَيَّ، وَامْكُرْ لِي، وَلا تَمْكُرْ عَلَيَّ، وَاهْدِنِي، وَيَسِّرِ الْهُدَى إِلِيَّ، وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ بَغَى عَلَيَّ. اے میرے رب! میری مدد کر، میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، میری تائید کر، میرے خلاف کسی کی تائید نہ کر، میرے حق میں تدبیر فرما، میرے خلاف تدبیر نہ کر۔ میری رہنمائی فرما اور ہدایت کو میرے لیے آسان فرما دے۔ جو میرے خلاف بغاوت کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما۔

رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ شَكَّارًا، لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ رَهَّابًا، لَكَ مِطْوَاعًا، إِلَيْكَ مُخْبِتًا، أَوَّاهًا مُنِيبًا. اے میرے رب! مجھے تو اپنا شکر گزار، اپنا ذکر کرنے والا، اپنی ذات سے ڈرنے والا، اپنا اطاعت گزار، اپنے سامنے عاجزی کرنے والا، گڑگڑانے والا اور اپنی طرف رجوع کرنے والا بنا۔

رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي، وَاغْسِلْ حَوْبَتِي، وَأَجِبْ دَعْوَتِي، وَثَبِّتْ حُجَّتِي، وَاهْدِ قَلْبِي، وَسَدِّدْ لِسَانِي، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ قَلْبِي. اے میرے رب! میری توبہ قبول کر، میرے گناہ دھو دے، میری دعا

قبول فرما، میری دلیل مضبوط کر، میرے دل کو سیدھی راہ دکھا، میری زبان کو درست کر اور میرے دل سے میل کچیل نکال دے۔

اللَّهمَّ إنِّي أعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِي، وَمِنْ شَرِّ بَصَرِي، وَمِنْ شَرِّ لِسَانِي، وَمِنْ شَرِّ قَلْبِي، وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي. اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے کان کے شر سے، اپنی آنکھ کے شر سے، اپنی زبان کے شر سے، اپنے دل کے شر سے اور اپنی شرم گاہ کے شر سے۔[1]

اللَّهمَّ إنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَيِّئِ الأَسْقَامِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برص، پاگل پن، کوڑھ کی بیماری[2] اور تمام بری بیماریوں سے۔

اللَّهمَّ إنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق، اعمال اور خواہشات سے۔

اللَّهمَّ إنَّكَ عُفُوٌّ كَرِيمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي. اے اللہ! تو بڑا معاف کرنے والا اور مہربان ہے، عفو و درگزر کو پسند کرتا ہے، اس لیے مجھے معاف کر دے۔

---

1 مظہری کہتے ہیں : "یعنی اپنی منی کے غلبے کے شر سے، تاکہ زنا میں نہ پڑوں اور اس پر نظر نہ ڈالوں جس پر نظر ڈالنا حرام ہے۔" (قوت المغتذی علی جامع الترمذی 860/2)

2 ایک معروف بیماری جو گوشت کو کھا جاتی ہے اور وہ بکھر جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے محفوظ رکھے۔ (شرح سنن ابوداؤد لابن رسلان : 7/ 411)

اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَات، وَحُبَّ الْمَسَاكِينِ، وَأَنْ تَغْفِرَ لِي وَتَرْحَمَنِي، وَإِذَا أَرَدْتَ فِتْنَةً في قَوْمٍ فَتَوَفَّنِي غَيْرَ مَفْتُونٍ، وَأسْأَلُكَ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُني إِلَى حُبِّكَ. اے اللہ! میں تجھ سے نیکیاں کرنے، برائیاں چھوڑنے اور مساکین سے محبت کرنے کی توفیق طلب کرتا ہوں اور (میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ) تو مجھے معاف کر دے اور مجھ پر اپنی رحمت فرما اور جب تو کسی قوم کو فتنہ میں مبتلا کرنا چاہے تو مجھے فتنے میں مبتلا کیے بغیر موت دے دے۔ میں تجھ سے تیری محبت، ہر اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور ہر اس عمل سے محبت کی توفیق طلب کرتا ہوں جو تیری محبت کے قریب کردے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ: عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ، عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ. اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت کی ساری بھلائیاں مانگتا ہوں، جو مجھ کو معلوم ہیں اور جو نہیں معلوم، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا اور آخرت کی تمام برائیوں سے، جو مجھ کو معلوم ہیں اور جو نہیں معلوم۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ بِهِ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ. اے اللہ! میں تجھ سے اس بھلائی کا طلب گار ہوں، جو تیرے بندے اور تیرے نبی ﷺ نے طلب کی ہے، اور میں اس برائی سے تیری پناہ چاہتا

ہوں، جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی ﷺ نے پناہ مانگی ہے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ اَلْجَنَّةَ، وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ، وَمَا قَرَّبَ مِنْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ، وَأَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهُ لِي خَيْرًا. اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا طالب ہوں اور اس قول و عمل کا بھی، جو جنت سے قریب کر دے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں جہنم سے اور اس قول و عمل سے، جو جہنم سے قریب لے جائے۔ میں تجھ سے سوالی ہوں کہ میرے حق میں کیے گئے ہر فیصلے کو بہتر بنادے۔

اللَّهمَّ احْفَظنِي بالإِسْلَامِ قائِماً، واحْفَظْنِي بالإِسْلَامِ قاعِداً، واحْفَظنِي بالإِسْلَامِ راقِداً، ولا تُشْمِتْ بِي عَدُوّاً ولا حاسِداً. اے اللہ! میرے کھڑے ہونے کی حالت میں اسلام کے ذریعے میری حفاظت فرما، میرے بیٹھنے کی حالت میں اسلام کے ساتھ میری حفاظت فرما، میرے سونے کی حالت میں اسلام کے ذریعے میری حفاظت فرما اور کسی حسد کرنے والے دشمن کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْر خزائِنُهُ بِيَدِكَ، وأعُوذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرَ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ. اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی مانگتا ہوں، جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں۔

اللَّهمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُولُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِينِ مَا تُهَوِّنُ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا. اے

اللہ! تو ہمیں اپنا ایسا ڈر عطا فرما، جو ہمارے اور تیری نافرمانیوں کے بیچ آڑ بن جائے، ایسی فرماں برداری کا جذبہ عطا فرما جس کے ذریعے تو ہمیں اپنی جنت تک پہنچا دے اور ایسا یقین عطا فرما جس کے ذریعے تو ہمارے لیے دنیا کی مصیبتوں کو جھیلنا آسان کر دے۔
اللَّهمَّ مَتِّعْنَا بأَسْمَاعِنا، وَأَبْصَارِنَا، وقُوَّتِنَا مَا أحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الوارثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصيبَتَنَا فِي دِينِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا. اے اللہ! تو ہمیں، جب تک ہم زندہ رہیں، ہمارے کانوں، آنکھوں اور قوتوں سے مستفید ہونے کا موقع عنایت کر اور انھیں ہمارا وارث بنا[1]، ہمیں ظلم کرنے والوں سے بدلہ لینے کی طاقت عنایت کر، دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما، ہمارے دین کے معاملے میں ہمیں کسی مصیبت میں نہ ڈال، دنیا کو ہمارا سب سے بڑا مقصد اور علم کی انتہا نہ بننے دے اور ہمارے اوپر کسی ایسے شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔
اللَّهمَّ إني أَعوذ بك من الجُبْنِ، وأعُوذُ بك من البُخْلِ، وأَعوذُ بك أنْ أُرَدَّ إلى أرذَلِ العُمر، وأعوذُ بك من فِتْنَةِ الدّنيا وعَذَابِ القَبْرِ. اے اللہ! میں بزدلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں، بخل سے تیری

---

[1] یعنی: یعنی ہمارے دیگر اعضا کے کمزور ہوجانے کے بعد بھی موت تک ہماری سماعت اور بصارت کی قوت کو باقی رکھ۔ المفاتيح في شرح المصابيح (3/ 248)۔

پناہ مانگتا ہوں، بے بسی کی عمر کی جانب لوٹائے جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور دنیا کے فتنے و قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ اغْفِرْ لِي خَطِيئَتِي، وَجَهْلِي، وَإِسْرَافِي فِي أَمْرِي، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، اللَّهمَّ اِغْفِرْ لِي جِدِّي، وَهَزْلِي، وَخَطَئِي، وَعَمْدِي، وَكُلُّ ذَلِكَ عِنْدِي. اے اللہ! میری خطاؤں، میری نادانی، میری ذات سے جڑے ہوئے ہر معاملے میں میری زیادتی کو اور ہر اس بات کو جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، معاف فرما۔ اے اللہ! میرے سنجیدگی سے کیے گئے کاموں، مذاق میں ہونے والے کاموں، غلطی سے ہونے والے گناہوں اور جان بوجھ کر کیے گئے گناہوں کو معاف فرما۔ یہ سب کچھ مجھ سے ہوا بھی ہے۔

اللَّهمَّ اغْفِرْ لِي، وَارْحَمْنِي، وَاهْدِنِي، وَعَافِنِي، وَارْزُقْنِي. اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کر، مجھے ہدایت عطا کر، مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے روزی دے۔

اللَّهمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلاَّ أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِي، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ. اے اللہ! میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا ہے اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کرتا۔ لہٰذا اپنی مہربانی سے مجھے معاف کردے اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو ہی معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

اللَّهمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْك تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ. اے اللہ! میں تیرا فرماں بردار ہو گیا، تجھ پر

ایمان لایا، تجھ پر بھروسہ کیا، تیری طرف رجوع کیا اور تیری مدد سے (کفر کے ساتھ) مخاصمت کی۔
اللَّهمَّ إني أعُوذُ بعزَّتِكَ؛ لا إلهَ إلاّ أَنْتَ أنْ تُضلَّني، أَنْتَ الحَيُّ الَّذِي لَا تَمُوتُ، وَالجِنُّ والإنْسُ يَمُوتُونَ. اے اللہ! میں تیری عزت کی پناہ مانگتا ہوں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اس بات سے کہ تو مجھے گمراہ کر دے۔ تو ہی ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے جسے موت نہیں آئے گی، جب کہ جن و انس سب مر جانے والے ہیں۔
اللَّهمَّ إنِّي أسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، والسَّلامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ، والغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، والفَوْزَ بالجَنَّةِ، والنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ. اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت کو واجب کرنے والی چیزوں کا[1] اور ان اسباب کا جو تیری مغفرت کو (میرے لیے) لازمی بنا دیں[2] اور ہر گناہ سے سلامتی کا اور ہر نیکی سے فائدہ اٹھانے کا اور جنت سے بہرہ ور ہونے کا، نیز دوزخ سے نجات پانے کا۔
اللَّهمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي. اے اللہ! میرے گناہ بخش دے، میرے لیے میرے گھر میں وسعت پیدا فرما اور میرے رزق میں برکت دے۔

---

1 یعنی وہ افعال، اقوال اور صفات جن کی وجہ سے تیری رحمت مجھے حاصل ہوتی ہے۔ المفاتيح في شرح المصابيح (304/2)۔

2 (العزائم): عزیمت کی جمع ہے۔ اس سے مراد وہ کام ہے، جس کا انسان عزم کرتا ہے۔ دل میں پختہ ارادہ کرتا ہے۔ یعنی میں تجھ اسے کاموں کا سوال کرتا ہوں جن کی وجہ سے مجھے تیری مغفرت حاصل ہو۔ المفاتيح في شرح المصابيح (2/ 304)

اللَّهمَّ إنِّي أسْألُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ، فإِنَّهُ لا يَمْلِكُها إلاّ أنْتَ. اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل اور رحمت مانگتا ہوں، کیونکہ اس کا مالک صرف تو ہی ہے۔

اللَّهمَّ إنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ التَّرَدِّي، وَالْهَدْمِ، وَالْغَرَقِ، وَالْحَرقِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ لَدِيغًا. اے اللہ! میں لڑھک کر مرنے، مکان یا دیوار وغیرہ گرنے کی وجہ سے مرنے، ڈوب کر مرنے اور جل کر مرنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ موت کے وقت شیطان مجھے پاگل بنا دے۔ اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ جنگ کے میدان سے بھاگ کر مروں اور اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی زہریلے کیڑے کے ڈسنے کی وجہ سے مروں۔

اللَّهمَّ إني أَعوذ بك من الجُوع، فإنه بِئْسَ الضَجيعُ، وأعوذ بك من الخِيانة، فإنها بِئْسَتِ البِطانةُ. اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ چاہتا ہوں، کیوں کہ یہ بہت بری ہم نشیں ہے اور میں خیانت سے تیری پناہ کا طلب گار ہوں، کیوں کہ یہ بہت بری ہم راز ہے۔

اللَّهمَّ إني أعُوذُ بِكَ مِنَ العَجْزِ، والْكَسَلِ، والجُبْنِ، والْبُخْلِ، والْهَرَمِ، والقَسْوَةِ، والغَفْلَةِ، والعَيْلَةِ، والذِّلَّةِ، والْمَسْكَنَةِ، وأعُوذُ بِكَ مِنَ الفَقْرِ، وَالكُفْرِ، والفُسُوقِ، والشِّقَاقَ، والنِّفَاقِ، والسُّمْعَةِ، والرِّياءِ، وأعُوذُ بِكَ مِنَ الصَّمَمِ، والبَكَمِ، والْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَالْبَرَصِ، وَسَيِّئِ الأَسْقَامِ. اے اللہ! میں عاجزی، سستی، بزدلی، بخل، لاچاری

والے بڑھاپے، دل کی سختی، غفلت، محتاجی[1]، ذلت اور بے چارگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں فقر، کفر، فسق، اختلاف، نفاق، شہرت اور ریا سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں بہرے پن، گونگے پن، جنون، کوڑھ، سفید داغ اور بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ، وَالْقِلَّةِ، وَالذِّلَّةِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ. اے اللہ! میں فقر، قلت اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے۔

اللَّهمَّ إنِّي أعُوذُ بِكَ مِنْ جارِ السوءِ في دَارِ المُقامَةِ؛ فإنَّ جارَ البادِيَةِ يَتَحَوَّلُ. اے اللہ! میں مستقل قیام کی جگہ کے برے پڑوسی سے تیری پناہ مانگتا ہوں، کیوں کہ سفر کا پڑوسی تو بدل جایا کرتا ہے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمن نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَمن دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَمن عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ هُؤُلَاءِ الأَرْبَعِ. اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے دل سے جو خوف نہ کھاتا ہو، ایسے نفس سے جو آسودہ نہ ہوتا ہو، ایسی دعا سے جو سنی نہ جاتی ہو اور ایسے علم سے جو فائدہ نہ دیتا ہو۔ اے اللہ! میں ان چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهم إني إعوذُ بك من يومِ السوءِ، ومنْ ليلةِ السوءِ، ومنْ ساعة السوءِ، ومنْ صاحبِ السوءِ، ومنْ جارِ السوءِ في دارِ المُقامة. اے

[1] العيلة : محتاجی۔ المعلم بفوائد مسلم (1/ 279)

اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن سے، بری رات سے، برے وقت سے، برے ساتھی سے اور مستقل قیام کی جگہ کے برے پڑوسی سے۔
اللَّهم إني أسألك الجنة وأستجير بك من النار. اے اللہ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جہنم سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
اللَّهمَّ فَقِّهني فِي الدِّينِ. اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ. اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ جان بوجھ کر کسی کو تیرا شریک ٹھہراؤں اور جو کچھ ان جانے میں ہو جائے اس کے لیے تیری بخشش چاہتاہوں۔
اللَّهمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي، وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي، وَزِدْنِي عِلْمًا. اے اللہ! تو نے مجھے جو علم عطا فرمایا ہے اس سے مجھے نفع پہنچا، مجھے وہ علم عطا فرما جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ عطا فرما۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا. اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والا عمل مانگتا ہوں۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ يَا اللَّه بِأَنَّكَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ أَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ. اے اللہ! میں تجھ سے طلب گار ہوں۔ اے اللہ! اس لیے کہ تو واحد ہے، یکتا ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ کسی کو جنا ہے اور نہ کسی نے اسے جنا ہے اور نہ کوئی اس

کے برابر کا ہے کہ میرے گناہوں کو معاف کر دے۔ یقینًا تو ہی گناہوں کو معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ الْمَنَّانُ يَا بَدِيعَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ، إِنِّي أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ. اے اللہ! میں تجھ سے طلب گار ہوں کہ ساری تعریف تیری ہی ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تو بڑا احسان کرنے والا ہے۔ اے آسمانوں اور زمین کو بے مثل پیدا کرنے والے! اے صاحب جلال اور عزت والے! اے زندۂ جاوید! اے قائم و دائم! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللَّه، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، اَلْأَحَدُ، اَلصَّمَدُ، اَلَّذِي لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ. اے اللہ! میں تجھ سے اس بنا پر مانگتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، جس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اس کا ہم سر ہے۔
ربِّ اغْفِر لي وتُب عَلَيَّ، إنك أَنت التَّوَّابُ الغفورُ. اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما۔ بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔
اللَّهمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْب، وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ، أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِي. اے اللہ! اپنے غیب

جاننے اور مخلوق پر قدرت رکھنے کے باعث مجھے اس وقت تک زندہ رکھ، جب تک تیرے علم کے مطابق میرے لیے زندگی بہتر ہو اور مجھے اس وقت موت دے دینا، جب تیرے علم کے مطابق میرے لیے موت بہتر ہو۔

اللَّهمَّ أَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَأَسْأَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى، وَأَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَأَسْأَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَأَسْأَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ، وَالشَّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ. اے اللہ! میں تجھ سے حاضر اور غائب میں تیری خشیت کا طلب گار ہوں، خوشنودی اور ناراضگی میں کلمۂ حق کی توفیق کا طلب گار ہوں، مال داری اور تنگ دستی میں میانہ روی کا طلب گار ہوں، میں تجھ سے ایسی نعمت کا طلب گار ہوں جو ختم نہ ہو، آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک کا طلب گار ہوں جو ختم نہ ہو، تیرے فیصلوں پر راضی رہنے کا طلب گار ہوں، موت کے بعد زندگی کی ٹھنڈک کا طلب گار ہوں، میں تجھ سے تیرے چہرے کے دیدار کی لذت کا طلب گار ہوں اور تیری ملاقات کے شوق کا طلب گار ہوں، (جو) بغیر کسی تکلیف دہ مصیبت اور گمراہ کن فتنے کے (حاصل) ہو۔

اللَّهمَّ زَيِّنَّا بِزِينَةِ الْإِيمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُهْتَدِينَ. اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ فرما اور ہمیں ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا۔

اللَّهمَّ ارْزُقْنِي حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يَنْفَعُنِي حُبُّهُ عِنْدَكَ اے اللہ! مجھے اپنی محبت عطا کر اور ایسے لوگوں کی محبت عطا کر جن کی محبت مجھے تیرے پاس فائدہ پہنچائے۔

اللَّهمَّ مَا رَزَقْتَنِي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِي فِيمَا تُحِبُّ اے اللہ! مجھے میرے پسند کی جو چیزیں تو نے دے رکھی ہیں، انھیں میرے لیے تیرے پسند کی چیزوں کے حصول کا سبب بنا۔

اللَّهمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِي فِيمَا تُحِبُّ. اے اللہ! اور جو چیز تو نے مجھ سے روک رکھی ہے، اس میں سے جو مجھے پسند ہے، تو اسے میرے حق میں اس کام کے لیے فراغت (کا ذریعہ) بنا دے، جسے تو پسند کرتا ہے۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَالْبُخْلِ، وَسُوءِ الْعُمُرِ، وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ. اے اللہ! میں بزدلی، بخل، بری عمر، سینے کے فتنے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ، وَرَبَّ إِسْرَافِيلَ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ حَرِّ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. اے اللہ! اے جبریل، میکائیل اور اسرافیل کے رب! میں جہنم کی تپش اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي، وَأَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي. اے اللہ! مجھے میری بھلائی الہام فرما اور مجھے میرے نفس کے شر سے بچا۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ. اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم مانگتا ہوں اور اس علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں، جو نفع نہ پہنچائے۔

اللَّهمَّ رَبَّ السَّمَوَاتِ السبع، وَرَبَّ الْأَرْضِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوَى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اللَّهمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ، اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ، وَأَغْنِنَا مِنْ الْفَقْرِ. اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب، زمین کے رب اور عظیم عرش کے رب! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! دانا اور گٹھلی کو پھاڑ کر پودا نکالنے والے![1] تورات، انجیل اور فرقان کو اتارنے والے! میں ہر اس چیز کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس کی پیشانی کو تو پکڑے ہوئے ہے۔ اے اللہ! تو ہی اول ہے، تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں۔ تو ہی آخر ہے، تیرے بعد کوئی چیز نہیں۔ تو ہی ظاہر ہے، تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن ہے، تجھ سے پوشیدہ کوئی چیز نہیں۔ ہمارے قرض کو اتار دے اور ہمیں فقر سے نکال کر غنی بنادے۔

اللَّهمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنْ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ وَالْفِتَنَ، مَا ظَهَرَ مِنْهَا، وَمَا

---

[1] یعنی: دانے کو چیرتا ہے، جس سے بالی نکلتی ہے اور گٹھلی کو چیرتا ہے، جس سے کھجور کا درخت نکلتا ہے۔ المفهم لما أشكل من تلخيص كتاب مسلم (7/ 41)

بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِي أَسْمَاعِنَا، وَأَبْصَارِنَا، وَقُلُوبِنَا، وَأَزْوَاجِنَا، وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا إنَّك أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِينَ لِنِعَمِك، مُثْنِينَ بِهَا عَلَيْكَ، قَابِلِينَ لهَا، وَأَتِممْها عَلَيْنَا. اے اللہ! ہمارے دلوں کے درمیان الفت پیدا کر دے، ہمارے اختلافات کو ختم کر دے، ہمیں سلامتی کے راستے دکھا، ہمیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے آ، ہمیں ظاہری اور باطنی تمام بے حیائیوں اور فتنوں سے بچا، ہمارے کانوں، آنکھوں، دلوں، بیویوں اور بچوں میں برکت دے اور ہماری توبہ قبول فرما۔ یقینا تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحمت والا ہے۔ ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والا، ان پر تیری تعریف کرنے والا اور انھیں قبول کرنے والا بنا اور انھیں ہم پر پوری فرما۔

اللَّهمَّ إنّي أسْأَلُكَ خَيرَ المسْأَلَةِ، وخَيْرَ الدُّعَاءِ، وخَيْرَ النَّجَاح، وخَيْرَ العَمَلِ، وخَيْرَ الثَّوابِ، وخَيْرَ الْحَيَاةِ، وخَيْرَ الْمَمَاتِ، وثَبِّتْنِي، وثَقِّلْ مَوَازِينِي، وحَقِّقْ إيْمانِي، وَارْفَعْ دَرَجاتِي، وَتَقَبَّلْ صَلَاتِي، وَاغْفِرْ خَطِيئَتِي، وَأَسْأَلُكَ الدَّرجَاتِ العُلَا مِنَ الْجَنَّةِ. اے اللہ! میں تجھ سے بہترین سوال، بہترین دعا، بہترین کامیابی، بہترین عمل، بہترین ثواب، بہترین زندگی اور بہترین موت مانگتا ہوں۔ تو مجھے ثابت قدم رکھ، میری نیکیوں کے پلڑے کو بھاری کر دے، میرے ایمان کو حقیقی روپ عطا کر، میرے درجات بلند فرما، میری نماز قبول کر اور میرے گناہ معاف کر دے۔ میں تجھ سے جنت کے اونچے درجات مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ إنّي أَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ، وخَوَاتِمَهُ، وَجَوَامِعَهُ، وَأَوَّلَهُ، وَظَاهِرَهُ، وَبَاطِنَهُ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلَا مِنَ الْجَنَّةِ. اے اللہ! میں تجھ سے خیر کی ابتدا، خیر کی انتہا، خیر کا کمال، خیر کا آغاز، خیر کا ظاہر، خیر کا باطن اور جنت کے اونچے درجات مانگتا ہوں۔

اللَّهمّ إِنّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا آتِي، وَخَيْرَ مَا أَفْعَلُ، وَخَيْرَ مَا أعْمَلُ، وَخَيْرَ مَا بَطَنَ، وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلَا مِنَ الْجَنَّةِ. اے اللہ! میں تجھ سے ان تمام چیزوں اور کاموں کی بھلائی مانگتا ہوں جنھیں میں لاتا ہوں، جنھیں میں کرتا ہوں، جن کو میں عملی جامہ پہناتا ہوں، جو پوشیدہ ہیں اور جو ظاہر ہیں، اور جنت کے اونچے درجات مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ إنّي أَسْأَلُكَ أَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِي، وَتَضَعَ وِزْرِي، وَتُصْلِحَ أَمْرِي، وَتُطَهِّرَ قَلْبِي، وَتُحَصِّنَ فَرْجِي، وَتُنَوِّرَ قَلْبِي، وَتَغْفِرَ لِي ذَنْبِي، وَأَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَا مِنَ الْجَنَّةِ. اے اللہ! میں تجھ سے اس بات کا طلب گار ہوں کہ تو میرے ذکر کو اونچا کر دے، میرے گناہ کو کالعدم کر دے، میرے حال کو درست کر دے، میرے دل کو پاک کر دے، میری شرم گاہ کی حفاظت فرما، میرے دل کو منور کر دے، میرے گناہ معاف کر دے اور میں تجھ سے جنت کے اونچے درجات مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ إنّي أَسْأَلُكَ أَنْ تُبارِكَ فِي نَفْسِي، وَفِي سَمْعِي، وَفِي بَصَرِي، وَفِي رُوحِي، وَفِي خَلْقِي، وَفِي خُلُقِي، وَفِي أهْلِي، وَفِي مَحْيَايَ، وَفِي مَمَاتِي، وَفِي عَمَلِي، فَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِي، وَأَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَا مِنَ الْجَنَّةِ. اے اللہ! میں تجھ سے اس بات کا طلب گار ہوں کہ

تو میرے نفس، میرے کان، میری آنکھ، میری روح، میری بناوٹ، میرے اخلاق، میرے اہل و عیال، میری زندگی، میری موت، میرے عمل میں برکت دے اور میری نیکیوں کو قبول فرما۔ میں تجھ سے جنت کے اونچے درجات مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ، جَنِّبْنِي مُنْكَرَاتِ الأَخْلاقِ، وَالأَعْمَالِ، وَالأَهْوَاءِ، وَالأدْوَاءِ. اے اللہ! مجھے برے اخلاق، برے اعمال، بری خواہشات اور بری بیماریوں سے بچا۔

اللَّهمَّ قَنِّعْنِي بِمَا رَزَقْتَنِي، وَبَارِكْ لِي فِيهِ، وَاخْلُفْ عَلَيَّ كُلَّ غَائِبَةٍ لِي بِخَيْرٍ. اے اللہ! تو نے مجھے جو کچھ دیا ہے اس پر مجھے قناعت کرنے والا بنا اور ہر غائب چیز کو میرے لیے بھلائی کے ساتھ لوٹا۔

اللَّهمَّ حَاسِبْنِي حِسَابًا يَسِيرًا. اے اللہ! میرے حساب کتاب کا مرحلہ آسان فرما۔

اللَّهمَّ أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. اے اللہ! تیرا ذکر کرنے، تیرا شکر بجالانے اور تیری اچھی طرح عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔

اللَّهم إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ. اے اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو پیچھے نہ ہٹتا ہو، ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہوتی ہو اور ہمیشگی کی جنت کے اونچے مقام میں تیرے نبی محمد ﷺ کا ساتھ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ قِنِي شَرَّ نَفْسِي، وَاعْزِمْ لِي عَلَى أَرْشَدِ أَمْرِي، اللَّهمَّ اغْفِرْ لِي مَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَخْطَأْتُ، وَمَا عَمَدْتُ، وَمَا عَلِمْتُ، وَمَا

جَهِلْتُ. اے اللہ! مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا اور میرے لیے مناسب ہدایت کے پیمانے پر کھری اترنے والی حالت کا فیصلہ فرما۔ اے اللہ! میرے ان تمام گناہوں کو معاف کر دے جو میں نے چھپاکر کیے ہیں، جو میں نے دکھاکر کیے ہیں، جو میں نے غلطی سے کیے ہیں، جو میں نے جان بوجھ کر کیے ہیں، جنھیں میں جانتا ہوں اور جنھیں میں نہیں جانتا۔

اللَّهمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ. اے اللہ! میں قرض کے غلبے، دشمن کے غلبے اور مصیبت میں دشمنوں کے ہنسنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اللَّهمَّ اغْفِرْ لِي، وَاهْدِنِي، وَارْزُقْنِي، وَعَافِنِي، أَعُوذُ بِاللَّه مِنْ ضِيقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھے ہدایت عطا فرما، مجھے روزی دے اور مجھے عافیت سے رکھ۔ میں قیامت کے دن کھڑے ہونے کی تنگی سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

اللَّهمَّ مَتِّعْنِي بِسَمْعِي، وَبَصَرِي، وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّي، وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ يَظْلِمُنِي، وَخُذْ مِنْهُ بِثَأْرِي. اے اللہ! مجھے میرے کان اور آنکھ سے مستفید ہونے کا موقع عنایت کر، ان دونوں کو میرا وارث بنا، مجھ پر ظلم کرنے والے کے خلاف میری مدد فرما اور اس سے میرا بدلہ لے۔

اللَّهمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ عِيشَةً نَقِيَّةً، ومِيتَةً سَوِيّةً، ومَرداً غَيْرَ مُخْزٍ، ولَا فَاضِحٍ. اے اللہ! میں تجھ سے صاف ستھری زندگی،

معتدل موت اور غیر رسواکن و غیر ذلت آمیز لوٹنے کا سوالی ہوں۔

اللَّهمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي، فَأَحْسِنْ خُلُقِي. اے الله! تونے مجھے اچھی ساخت عطا کی ہے، لہذا اچھے اخلاق عنایت کر۔

اللَّهمِ اَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالمُؤْمِنَاتِ. اے الله! ایمان والے مردوں اور عورتوں کو معاف کر دے۔

اللَّهمَّ ثَبِّتني وَاجْعَلْني هَادِيًا مَهْدِيًّا. اے الله! مجھے ثابت قدم رکھ اور راہ راست بتانے والا و راہ راست پر چلنے والا بنا۔

اللَّهمَّ آتِنِي الْحِكْمَةَ الّتِي مَنْ أُوتِيهَا فَقَدْ أُوتِيَ خَيْراً كَثِيراً. اے الله! مجھے حکمت عطا کر کہ جسے حکمت دی گئی، اسے بہت ساری بھلائی دی گئی۔

والله أعلم! وصلى الله وسلم على نبينا محمد۔

فہرست

جامع دعائیں 2
اول :قرآن کی دعائیں- 2
: دوم :سنت نبوی سے ثابت دعائیں 10

ur411v1.0 - 06/09/2026